عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

- گوانتانا موبے جیل میں قیدیوں نے فوجیوں کے منہ پر تھوکا، پیشاب بھرے تھیلے اُن پر انڈیلے، کرسیاں تک ماری گئیں۔ (یورپی یونین)
  - تو اور تشدد کرنے والے فوجیوں کا منہ چومتے!
- کرپشن میں پولیس پہلے، واپڈا دوسرے اور انکم ٹیکس تیسرے نمبر پر ہے۔ (ٹرانسپرنسی انٹرنیشل رپورٹ)
  - انہیں گولڈ، سلور اور کانسی کے تمغوں سے نوازا جائے۔
- ایٹمی سائنسدان بنوں گا۔ (طالب علم جہاں زیب)
  - ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا حوصلہ چاہیے۔
- شادی کے بغیر جوڑوں کا اکٹھے رہنا بے شرمی اور ذلت ہے۔ (صدر انڈونیشیا)
  - مگر یورپ میں تو یہی روشن خیالی، ترقی پسندی اور عزت ہے۔
- دینی مدارس میں جدید تعلیم ضروری ہے۔ (صدر پرویز)
  - کیا سکولوں، کالجوں اور نیورسٹیوں میں دینی تعلیم ضروری نہیں؟
- اسلام اور اس کے مقدس مقامات کا احترام کرتے ہیں۔ (امریکہ)
  - مگر مسلمانوں کو کچل دیں گے!
- لندن: ۷ دھماکے ۵۰ ہلاک۔ ہزاروں زخمی (ایک خبر)
  - کہ پریشاں کرنے والوں کو پریشاں ہم نے دیکھا ہے
- افغانستان میں روس ناکام ہوا۔ امریکی فوجی حالات کیسے کنٹرول کرلیں گے۔ (شوکت سلطان)
  - بلاتبصرہ!
- نواز شریف معاہدہ کر کے باہر گئے۔ غلط ثابت کرنے والے کو چار کروڑ روپے دوں گا۔ (اعجاز الحق)
  - سکرین ثابت کرنے والے کو نقد انعام!
- سزا کے بعد شیطان کو بھی جنت ملے گی (جسٹس (ر) جاوید اقبال)
  - جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی!